نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈلاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی ضلع ملتان میں غیر معیاری کھادوں اور جعلی زرعی ادویات کی تیاری میں ملوث افراد کے خلاف کاروائیاں

کروڑوں روپے مالیت کی جعلی زرعی زہریں وغیر معیاری کھادبر آمد،3ملزمان گرفتار، استغاثہ دائر

لاہور:28جون2024: محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ وتوسیع کی ملتان میں مویشی منڈی کے قریب مشترکہ کارروائی۔کارروائی ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ملتان الیاس رضا کلاچی کی قیادت میں کی گئی۔پیسٹی سائیڈز انسپکٹر سید عصمت حسین بخاری وفرٹیلائزکنٹرولر اللہ رکھانے بستی ساموارنہ میں ایک جعلی فیکٹری پر چھاپہ مارا۔موقع سے تقریباً1 کروڑ روپے مالیت کی جعلی زہریں اور50لاکھ روپے سے مالیت کی جعلی کھادیں پکڑی گئیں۔موقع سے ملزمان محمد ساجد ولد جمل، محمد کاشف ولد اللہ وسیا اور محمد عدنان ولد خادم حسین کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ہزاروں کی تعداد میں مختلف کمپنیوں کے نام سے پرنٹ شدہ زرعی زہروں کے لیبل، خالی بوتلیں، پیک شدہ بوتلیں برآمد کر لئے۔موقع پر سیسیونگ مشین، سیلنگ مشین وزرعی زہروں سے بھرے ٹب و دیگر سامان بھی برآمد۔جعلی ڈی اے پی، یوریا، کین گوارااور اگزو کھادوں کی سیکڑوں پیک شدہ بوریاں وخام مال بھی برآمد۔تمام تر زرعی زہروں، کھادوں و دیگر مٹیریل کو قبضہ میں لے کر حوالہ پولیس کر دیا۔ملزمان کیخلاف مقدمہ کے اندارج کیلئے تھانہ سمش آباد میں استغاثہ دائر کر دیا ہے۔موقع پر زرعی زہروں کے نمونہ جات حاصل کر کے تجزیہ کیلئے لیبارٹری بھجوادیئے گئے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ الیاس رضا کلاچی نے بتایا کہ وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایات پر جعلی زرعی مداخل تیار وفروخت کرنے والے مافیا کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزادی جارہی ہے۔حکومت پنجاب غیر معیاری کھادوں وجعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے اصول پر عمل پیرا ہے۔

☆☆☆☆